© rasailojaraid.com



معزز قارئین سے گزارش کریں گے کہ وہ اقبال کی زندگی کے مختلف ادوار کو سمجھنے کے لیے اس کتاب کا ضرور مطالعہ کریں۔

## میری نئی بیاض

از : راسخ عرفانی

ناشر : مکتبۂ نوادب، چوک نیائیں۔ گوجرانوالہ

کاغذ، طباعت، جلد خوب صورت۔ صفحات ۱۱۲ قیمت ۲۰ روپے

راسخ عرفانی کا شمار اردو کے مستند اور کہنہ مشق شعرا میں ہوتا ہے۔ ان کے شعر میں مشاہدہ بھی ہے اور پختگی بھی، گہرائی بھی ہے اور تجربہ بھی، حسن بھی ہے اور فن سخن وری پر عبور بھی۔ غرض وہ ہر لحاظ سے کامیاب شاعر ہیں۔ شاعری کی وساطت سے انھوں نے اردو زبان کی بہت خدمت کی ہے۔ ان کے کلام کے متعدد مجموعے شائع ہو کر اصحاب ذوق سے داد و تحسین حاصل کر چکے ہیں۔ راسخ کی شاعری حقیقت ترجمانی اور واقعات کی صحیح تصویر پیش کرتی ہے۔

ان کا تازہ مجموعۂ کلام "میری بیاض" شان دار چیز ہے۔ یہ مجموعہ ان کے اپنے خط (ہینڈ رائٹنگ) میں طبع ہوا ہے۔ کتنے عمدہ شعر ہیں :

زلزلے آئے کبھی آگ کے طوفاں گزرے — حادثے کتنے سر شہرِ غریباں گزرے
سر کسی در پہ قناعت لیے جھکانے نہ دیا — کوچۂ زر سے کبھی ہم خاک بداماں گزرے
تپتے صحرا سے گزرنا ہی جو لازم ٹھہرا — آدمی کیوں نہ بہ اندازِ غزالاں گزرے

راسخ عرفانی کا یہ مجموعہ لائق مطالعہ ہے۔

© rasailojaraid.com